**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 10 June 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۰؍جون ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ وزیراعظم نریندمودی سمیت 71 ؍وزراء نے اٹھایا عہدے اور رازداری کا حلف

☆ مہاراشٹر سے نتن گڈکری ، پیوش گوئل ، رام داس آٹھولے ، پرتاپ جادھو ، راکشا کھڈسے اور مُرلی دھرموہوڑ کا بھی شمار

☆ JEE Advance امتحان کا نتیجہ ظاہر ، ممبئی کی Dwija Patel لڑکیوں میں سرفہرست

☆ T-20 ؍کرکٹ عالمی کپ ٹورنامنٹ میں بھارت نے پاکستان کو 6 ؍رنوں سے ہرایا

اور

☆ جنوب مغربی مانسون ریاست کے بیشتر حصوں میں سرگرم

اب خبریں تفصیل سے...

نریندرمودی نے کل ملک کے 15؍ویں وزیراعظم کے طور پر عہدے اور رازداری کا حلف اٹھایا۔ راشٹر پتی بھون میں منعقدہ تقریب حلف برداری میں صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو نے انھیں یہ حلف دلایا۔ متواتر تیسری مرتبہ وزیراعظم عہدے کا حلف اٹھانے والے نریندرمودی ملک کے دوسرے وزیراعظم ہیں۔ اِس سے قبل پنڈت جواہرلعل نہرو متواتر 3؍مرتبہ وزیراعظم رہ چکے ہیں۔

***** ***** *****

صدر جمہوریہ نے کل نتن گڈکری اور پیوش گوئل سمیت 30/اشخاص کو مرکزی وزراء کا حلف دلایا۔ 5/اشخاص کو مملکتی وزراء کا آزادانہ چارج
اِسی طرح رام داس آٹھولے ' پرتاپ جادھو ' رکشا کھڈسے اور مُرلی دھر موہوڑ سمیت 36/اشخاص کو مملکتی وزراء کا حلف دلایا گیا۔
حلف برداری کی اِس تقریب میں ملک کی سرکردہ شخصیات' سیاسی رہنما' صنعت کار اور مختلف شعبہ جات کے نامور اصحاب بھی موجود تھے۔

***** ***** *****

اِسی دوران وزراء گروپ کی اِس تقریب حلف برداری کے دوران چھترپتی سنبھاجی نگر ' دھاراشیو ' جلگاؤں ' ناسک اور دیگر شہروں میں مٹھائی تقسیم کی گئی اور آتش بازی بھی کی گئی۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی کی رہنما سونیا گاندھی نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ میں کانگریس پارٹی کے اراکین کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔
وہ کل نئی دِلّی میں کانگریس اراکین پارلیمان کی میٹنگ میں بول رہی تھیں۔ سونیا گاندھی نے مزید کہا کہ بھارت جوڑو یاترا اور بھارت جوڑ وانصاف یاترا کے باعث کانگریس پارٹی کو نئی زندگی ملی ہے۔

***** ***** *****

اِنڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی IIT میں داخلے کے لیے لازمی JEE Advance امتحان کا نتیجہ کل ظاہر کیا گیا۔ اِس امتحان میں دِلّی کے وید لاہوٹی 360/میں سے 355/نمبرات حاصل کر کے ملک بھر میں سرِفہرست رہے۔ اِسی طرح ممبئی کی Dwija Patel نے 332/ نمبرات حاصل کیے۔ وہ لڑکیوں میں سرفہرست ہے۔ اِس مرتبہ JEE Advance امتحان میں 48/ہزار 248/امیدوار کامیاب ہوئے ہیں۔

***** ***** *****

میڈیکل کورسیس میں داخلے کے لیے لازمی NEET امتحان میں ڈیڑھ ہزار سے زائد امیدواروں کو دیے گئے اضافی نمبرات پر نظرثانی کرنے کے مقصد سے مرکزی وزارتِ تعلیم نے 4/ اراکین پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی ہے۔ قومی جانچ ایجنسی NTA کے ڈائریکٹر جنرل سوبودھ کمار سنگھ نے صحافتی کانفرنس میں یہ بات بتائی۔ انھوں نے بتایا کہ یہ کمیٹی ایک ہفتے میں اپنی سفارشات پیش کرے گی اور اُس کے مطابق امیدواروں کے نتائج میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ خیال رہے کہ گزشتہ 4/تاریخ کے روز ظاہر کیے گئے NEET امتحان کے نتائج پر اِدارے کو کئی اعتراضات موصول ہوئے ہیں۔

***** ***** *****

T-20/کرکٹ عالمی کپ ٹورنامنٹ میں کل بھارت نے پاکستان کو 6/رنوں سے شکست دی۔ نیویارک میں کھیلا گیا یہ مقابلہ نہایت سنسنی خیز رہا ۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بھارتی ٹیم 19/اوورس میں 119/رن بنا کر آل آؤٹ ہوگئی۔ رُشبھ پنت نے 42/رن بنائے۔ جوابی بلّے بازی کے لیے میدان میں اُتری پاکستانی ٹیم 20/اوور میں 113/رن ہی بنا سکی۔ ہارڈِک پانڈیا نے 2/اور اکشر پٹیل نیز عرش دیپ سنگھ نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ 4/اوور میں 14/رن دے کر 2/وکٹ لینے والے جسپریت بومراہ کو مقابلے کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

اِسی ٹورنامنٹ میں کل کھیلے گئے دوسرے مقابلے میں اسکاٹ لینڈ نے عمان کو اور تیسرے مقابلے میں ویسٹ انڈیز نے یوگانڈا کو شکست دے کر جیت درج کی۔

***** ***** *****

مہارانا پرتاپ کی 484/ویں جینتی کی مناسبت سے کل متعدد پروگرام کا اہتمام کیا گیا تھا۔ پیٹھن شہر کے پردیشی پورا میں مہارانا پرتاپ کے مجسمے کو پھولوں کا ہار پہنا کر اُنھیں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اِسی طرح ناندیڑ میں سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر منوہر چاسکر نے مہارانا پرتاپ کی تصویر پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

پربھنی ضلع سمیت دیگر 6/اضلاع میں جانوروں کی اسمگلنگ کرنے والی ٹولی کو پربھنی پولس نے گرفتار کرلیا ہے۔ مقامی کرائم برانچ نے 6/اضلاع میں اِس طرح کے 25/معاملات کا انکشاف کیا ہے۔ اِس اسمگلنگ میں ملوث گجانن واگھمارے ، ذاکر قریشی اور سُریش کھلارے کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ ساتھ ہی اُن کے پاس سے ہتھیار ، موبائل اور گاڑی اِس طرح تقریباً ساڑھے پانچ لاکھ روپئے مالیت کا ساز و سامان بھی ضبط کیا گیا ہے۔ پولس سپرنٹنڈنٹ رویندر سنگھ پردیشی نے بتایا کہ گرفتار کیے گئے ملزمین اپنے دیگر 10/ساتھیوں کے ساتھ یہ کام کر رہے تھے۔ ملزمین نے اپنا جرم قبول کرلیا ہے۔

***** ***** *****

حال ہی میں چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے میں غیر قانونی طور پر جنین کا جنس معلوم کرنے اور اسقاط حمل کرنے والی بڑی ٹولی کا پردہ فاش ہوا تھا۔ لہذا میونسپل کارپوریشن نے شہر میں سونوگرافی اور اسقاط حمل مراکز کی چھان بین مہم شروع کی ہے۔ میونسپل کارپوریشن سے ملی اطلاع کے مطابق 5/تاریخ سے جاری اِس مہم میں اب تک 34/سونوگرافی سینٹر اور 15/اسقاط حمل مراکز کی چھان بین کی جا چکی ہے۔

***** ***** *****

طلباء اپنی فطری صلاحیتوں کو پہچانیں اور اُنھیں نکھارنے کے لیے پیشہ وارانہ تعلیم حاصل کریں۔ بزرگ صحافی سوشیل کلکرنی نے یہ بات کہی ہے۔ وہ کل دھاراشیو میں براہمن کلیان ٹرسٹ کے اجلاس میں اظہار خیال کررہے تھے۔ دسویں اور بارہویں جماعت میں بہترین نمبرات حاصل کرنے والے طلباء کا اِس موقعے پر استقبال کیا گیا۔

***** ***** *****

جنوب مغربی مانسون گزشتہ روز ممبئی پہنچا۔ گزشتہ برسوں میں یہ مانسون 11/جون کو ممبئی پہنچتا تھا تاہم اِس سال یہ مانسون 2/دن قبل ہی سرگرم ہو چکا ہے۔ شعبہ موسمیات نے آئندہ 2/دنوں کے لیے کولہاپور اور سندھودرگ ضلعے میں ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

مراٹھواڑے کے بیشتر حصوں میں کل اچھی بارش ہوئی۔ چھترپتی سنبھاجی نگر میں کل شام ساڑھے چار بجے سے رات دیر گئے تک بارش کا سلسلہ جاری تھا۔

جالنہ شہر سمیت ضلع بھر میں بھی کل دوپہر اوسط درجے کی بارش ہوئی۔ شعبہ موسمیات نے اِس سال بیڑ میں اوسط سے زیادہ بارش ہونے کی پیشن گوئی کی ہے۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اچھی بارش ہونے کی وجہ سے کاشتکاروں نے اپنا کام کاج شروع کردیا ہے۔ دھاراشیو شہر میں بھی کل تقریباً ایک گھنٹے تک موسلا دھار بارش ہونے کی خبر ہے۔ شولاپور شہر اور ضلع بھر میں بھی کل شام تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک اچھی بارش ہوئی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے میں کل پیش آئے 2/مختلف حادثات میں 4/افراد کی موت واقع ہوگئی۔ کنوٹ تعلقے کے ساویر گھاٹ میں کل صبح ایک ٹرک اور ٹو وہیلر کے حادثے میں 2/افراد کی موت واقع ہوگئی۔

اِسی طرح دوسرے حادثے میں 2/نوجوانوں کی کنویں میں ڈوبنے سے موت واقع ہوگئی۔لوہا تعلقے کے بیٹ ساونگی میں کل صبح حادثہ پیش آیا۔ 18/ اور 19/سال کے یہ 2/نوجوان کنویں میں تیر رہے تھے کہ وہ اچانک بے ہوش نظر آئے۔جس کے بعد انھیں کنویں سے نکال کر وشنو پوری کے سرکاری ہسپتال لے جایا گیا۔ جہاں ڈاکٹروں نے جانچ کے بعد انھیں مردہ قرار دیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے ساتارا دیوالی علاقے میں گنٹے واری قانون نافذ کرنے کی کوشش کی مخالفت کرتے ہوئے مقامی ساکنان نے کل 2/پہیہ گاڑیوں کی ریلی نکالی تھی۔شہریان کا کہنا ہے کہ ساتارا دیوالی علاقے میں تعمیری کام کرنے سے پہلے انھوں نے اُس وقت کی گرام پنچایت سے اجازت حاصل کی تھی۔شہریان کا مطالبہ ہے کہ مذکورہ علاقوں میں گنٹے واری قانون نافذ نہ کیا جائے۔اپنے مطالبے پر مبنی ایک مکتوب بھی شہریان نے میونسپل کارپوریشن کو دیا ہے۔

***** ***** *****

سوشل میڈیا پر قابل اعتراض پوسٹ کی مذمت کرتے ہوئے بیڑ ضلعے میں کل سکل مراٹھا سماج کی جانب سے پولس سپرنٹنڈنٹ دفتر پر مورچہ نکالا گیا تھا۔اِس موقعے پر ایک مطالباتی محضر بھی پولس سپرنٹنڈنٹ کو دیا گیا جس میں معاملے کی تحقیقات کرنے کی گزارش کی گئی ہے۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ وزیراعظم نریندمودی سمیت71 روزراء نے اٹھایا عہدے اور رازداری کا حلف

☆ **JEE Advance** امتحان کا نتیجہ ظاہر ' ممبئی کی **Dwija Patel** لڑکیوں میں سرفہرست

☆ **T-20** رکرکٹ عالمی کپ ٹورنامنٹ میں بھارت نے پاکستان کو 6 ررنوں سے ہرایا

اور

☆ جنوب مغربی مانسون ریاست کے بیشتر حصوں میں سرگرم

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینلAIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆